Ramadan Message By George W. Bush (Urdu)

میں رمضان کا مقدس مہینہ شروع ہونے پر امریکہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔
اسلامی عقیدے کے مطابق، رمضان وہ مقدس ترین مہینہ ہے، جس میں حضرت محمّد صلعم پر قرآن کے نزول کی یاد منائی جاتی ہے۔ تذکیۂ نفس کا یہ مہینہ، مسلمانوں کو اپنے مذہب پر غور کرنے اور خدا کے احکامات پر عمل کرنے کے موقعے فراہم کرتا ہے۔ دنیا بھر کے مسلمان، روزے، نماز، غور وفکر اور خیرات کے ذریعے دیانتداری، راست بازی اور شفقت و ہمدردی کی زندگی گزارنے کے لئے اپنے عزم کی تجدید کرتے ہیں۔
ہماری پوری تاریخ میں، مختلف عقائد کے لوگوں نے ہمارے قومی کردار کو تشکیل دیا ہے۔ اسلام، امن کا مذہب ہے، اور جو لوگ اسلامی عقائد پر چلتے ہیں، انہوں نے ہماری قوم اور دنیا بھر کے لئے عظیم خدمات انجام دی ہیں۔ امریکیوں کی حیثیت سے، ہمیں اپنی عبادت کرنے آزادی بہت عزیز ہے اور ہم بدستور تمام مذاہب کے افراد کا خیر مقدم کرنے کے عزم پر قائم ہیں۔ ہم آزادی اور باہمی افہام و تفہیم کے فروغ کے لئے مل کر کام کرتے ہوئے، اُمید اور اچھے مواقع کا ایک زیادہ روشن مستقبل تعمیر کر رہے ہیں۔
ہماری بہترین تمناؤں کا نذرانہ پیش کرنے میں، لورا میرے ساتھ ہیں۔ رمضان مبارک۔

****